© rasailojaraid.com



# سفر آخرت کے راہی

## مولانا محمد یونس بٹ حفظہ اللہ تعالیٰ انچارج وفاق المدارس السّلفیہ کو صدمہ

جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت افسوس اور دکھ کے ساتھ سنی گئی کہ مولانا محمد یونس بٹ مدرس جامعہ سلفیہ وانچارج وفاق المدارس السّلفیہ کی والدہ ماجدہ رحلت فرما گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ان کی نماز جنازہ جامعہ سلفیہ میں ادا کی گئی۔ امامت کے فرائض خود مولانا محمد یونس صاحب نے سرانجام دیئے۔ جنازہ میں علماء اور طلبہ کے علاوہ عوام الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ خصوصاً رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمٰن، صوفی احمد دین، مولانا یوسف انور، قاری محمد سعید کلیروی، ڈاکٹر حافظ عبدالرشید اظہر، چوہدری محمد عارف شریک ہوئے۔

اس کے بعد تدفین کے لیے میت ساہیوال لے جائی گئی، جہاں نماز جنازہ حافظ مسعود عالم حفظہ اللہ پڑھائی جس میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

جامعہ میں انتظامیہ اور اساتذہ کرام کا ایک مشترکہ تعزیتی اجلاس ہوا۔ جس میں پرنسپل جامعہ چوہدری محمد یٰسین ظفر نے قراردادِ تعزیت پیش کی۔ جس میں مولانا محمد یونس کی والدہ ماجدہ کی رحلت پر دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا گیا اور مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کے ساتھ لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

## قاری محمد صدیق سابق امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث الریاض رحلت فرما گئے

تمام جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت دکھ اور افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ ممتاز عالم دین اور سابق امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث الریاض (سعودی عرب) قاری محمد صدیق 28 مئی 2007ء کو رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

آپ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور باخبر عالم دین تھے۔ مدینہ یونیورسٹی کے فارغ التحصیل تھے۔ فراغت کے بعد سعودی عرب میں کتب کا کاروبار شروع کیا۔ دو سال قبل واپس پاکستان فیصل آباد تشریف لے آئے اور گلستان کالونی جامع مسجد دارالسلام کے قریب رہائش پذیر ہوئے۔ (بقیہ صفحہ 22 پر)

© rasailojaraid.com